# شرائط و ضوابط

## HBLPSL 10 کنزیومر پروموشن

### HBL کریڈٹ کارڈ | HBL ڈیبٹ کارڈ

### مہم کی مدت: 3 اپریل، 2025 - 28 اپریل 2025

1. HBLPSLکنزیومر پروموشن ("مہم") کے فاتحین کا انتخاب درج ذیل معیار پر پورا اترنے والے کسٹمرز ("اہل شرکاء") کی قرعہ اندازی کی بنیاد پر کیا جائے گا:

| پروڈکٹس | اہل شرکاء | قرعہ اندازی کی فریکوئنسی | انعامات کی تعداد |
|---|---|---|---|
| **HBL کریڈٹ کارڈ** | HBLPSLمیچ کا ٹکٹ جیتنے کے موقع کے لیے اپنے HBL کریڈٹ کارڈ سے 5,000 روپے یا اس سے زیادہ خرچ کریں* | میچ کے ٹکٹ کے لیے ہفتہ وار قرعہ اندازی؛ | HBLPSLمیچ کے 266 ٹکٹ |
| **HBL ڈیبٹ کارڈ** | HBLPSLمیچ کا ٹکٹ جیتنے کے موقع کے لیے اپنے HBL ڈیبٹ کارڈ سے 5,000 روپے یا اس سے زیادہ خرچ کریں* | میچ کے ٹکٹ کے لیے ہفتہ وار قرعہ اندازی؛ | HBLPSLمیچ کے 238 ٹکٹ |

جیتے جانے والے میچ ٹکٹ ("انعامی ٹکٹ") کو "مہم کا انعام" کہا جائے گا۔

2. ہر اہل انٹری 5,000 مالیت کی ہوگی۔ 5,000 روپے سے کم مالیت کی انٹری قرعہ اندازی میں شامل ہونے کی اہل نہیں ہوگی۔واضح رہے کہ اگر کوئی ایک انٹری 5,000 روپے کی مقررہ مالیت سے کم ہو تو کم مالیت کی کئی انٹریز کی مجموعی مالیت 5,000 ہونے کے باوجودانہیں قرعہ اندازی میں شامل ہونے کا اہل نہیں سمجھا جائے گا۔ کسٹمر مقررہ مالیت 5,000 روپے کی کئی ٹرانزیکشنز کر سکتے ہیں۔
3. انعامی ٹکٹ صرف کراچی، لاہور، اسلام آباد / راولپنڈی اور ملتان میں کسٹمرز کے لیے ہیں۔

- کراچی کے کسٹمرز کو کراچی اسٹیڈیم میں ہونے والے میچوں کے ٹکٹ ملیں گے۔
- لاہور کے کسٹمرز کو لاہور اسٹیڈیم میں ہونے والے میچوں کے ٹکٹ ملیں گے۔
- اسلام آباد/راولپنڈی کے کسٹمرز کو راولپنڈی اسٹیڈیم میں ہونے والے میچوں کے ٹکٹ ملیں گے۔
- ملتان کے کسٹمرز کو ملتان اسٹیڈیم میں ہونے والے میچوں کے ٹکٹ ملیں گے۔

4. بچوں کے ساتھ اسٹیڈیم جانے لیے HBLPSLٹکٹ کی پشت پر موجود اسٹیڈیم میں داخلے کی ہدایات دیکھیں یا پاکستان کرکٹ بورڈ (PCB) کی آفیشل ویب سائٹ چیک کریں۔
5. واضح رہے کہ کریڈٹ کارڈ اور ڈیبٹ کارڈ کے HBLPSL 10 کی پہلی قرعہ اندازیوں کے فاتحین اگلی قرعہ اندازیوں میں شامل نہیں کیے جائیں گے۔
6. ہر فاتح کو HBLPSLمیچ کے دو ٹکٹ دیئے جائیں گے۔
7. یہ شرائط و ضوابط (شرائط و ضوابط) مہم میں حصہ لینے والے تمام اہل شرکاء پر لاگو ہوں گے، اور اہل شرکاء کی مہم میں ایسی کسی بھی شرکت کو ان شرائط و ضوابط پر رضامندی اور تمام معاملات میں HBL کے حتمی فیصلہ ساز ہونے کے حق سے اتفاق سمجھا جائے گا، جس کا فیصلہ حتمی اور اس کی پابندی سب پر لازم ہوگی۔
8. یہ ایک محدود مدت کی پیش کش ہے اور مہم کا دورانیہ **3 اپریل، 2025 سے 28 اپریل 2025 تک ہے۔**
9. تمام کسٹمرز درج ذیل معیار کے مطابق قرعہ اندازی کے اہل ہوں گے:

a. قرعہ اندازی 1: **9 اپریل، 2025**

b. قرعہ اندازی 2: **18 اپریل، 2025**

c. قرعہ اندازی 3: **29 اپریل، 2025**

10. HBL مہم کے فاتحین کو HBL کانٹیکٹ سینٹر کے ذریعے ایک ایک گھنٹے کے وقفے سے تین بار کال کرے گا اور اگر فاتح سے رابطہ نہیں ہوا تو یہ انعام قرعہ اندازی کے ذریعے اگلے فاتح کو پیش کیا جائے گا۔

11. فاتحین کو حبیب بینک لمیٹڈ (HBL) کے ڈیٹا بیس میں موجود رجسٹرڈ پتے پر ٹکٹ بھیجے جائیں گے۔ HBL نامکمل پتے، پتے میں تبدیلی یا ان کے علاوہ کسی اور وجہ سے ٹکٹ کی موصولی میں ناکامی کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

12. اگر HBL کوریئر سروس کے ذریعے بھیجے گئے میچ کےٹکٹ وقت پر کسٹمر تک نہیں پہنچے تو کسٹمر معاوضے یا ٹکٹ کی تاریخ کی تبدیلی کی درخواست نہیں کرے گا۔

13. HBL مہم کے فاتح کا اعلان HBL کے آفیشل سوشل میڈیا پر کرے گا۔

14. HBL اپنی صوابدید پر کسی بھی وقت مہم بند کر سکتا ہے اور HBL کی ویب سائٹ یعنی https://www.hbl.com/ اپ ڈیٹ کرکے کسی بھی وجہ سے شرائط و ضوابط تبدیل کرسکتا ہے۔اہل شرکاء اس طرح کی کسی بھی ترمیم کے پابند ہیں لہٰذا موجودہ شرائط و ضوابط کا جائزہ لینے کے لیے وقتاً فوقتاً HBL کی ویب سائٹ اور سوشل میڈیا چینلز پر جائیں۔

15. میچ منسوخ ہونے کی صورت میں کسٹمر کوئی معاوضہ طلب نہیں کرے گا اور نہ ہی HBL کسی بھی میچ کی تاخیر یا تنسیخ کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

16. مہم کا فاتح انعام حاصل کرنے کے لیے دیگر چارجز کی ادائیگی کا ذمہ دار ہوگا ، بشمول اسٹیڈیم سے آنے اور جانے ، کھانے اور مشروبات کے چارجز وغیرہ ۔ یہ چارجز انہی تک محدود نہیں ہیں۔

17. فاتح کی تصدیق کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ ("CNIC") کی تصدیق پر مبنی ہوگی۔

18. صرف موثر CNIC رکھنے والے فاتحین کو زیر غور لایا جائے گا۔

19. HBL کے ملازمین مہم میں شرکت کے اہل نہیں ہوں گے۔

20. یہ شرائط و ضوابط اسلامی جمہوریہ پاکستان کے قوانین کے تحت ہوں گے۔